״	״	״	إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۔ مین ڈرتا ہون تم پر ایک بڑے دن کی آفت سے
״	״	٨	إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ جب کہا ان کو انکے بہائی صالحؑ نے کیا تم کو ڈر نہین ❖
״	״	״	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۔ سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ❖
״	״	״	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۔ سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ❖
״	״	٩	إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۔ جب کہا انکو ان کے بہائی لوطؑ نے کیا تم کو ڈر نہین ❖
״	״	״	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۔ سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ❖
״	״	١٠	إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ جب کہا ان کو شعیبؑ نے کیا تم کو ڈر نہین ❖
״	״	״	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۔ سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ❖
״	״	״	وَاتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ ۔ اور ڈرو اُس سے جس نے بنایا تم کو اور اگلی خلقت کو
״	״	١١	لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ ۔ (چند آیات از پیش و پس) تو کہ ہو تو ڈرانے والون سے ❖
״	״	״	وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنْذِرُونَ ۔ ذِكْرَىٰ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ۔ اور کوئی بستی نہین کھپائی ہم نے جس کو نہ تھے ڈر سنانے والے ❖
״	״	״	وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۔ اور ڈر سنا دے اپنے نزدیک کے ناتے والون کو ❖
٢٠	النمل	٧	فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنْذِرِينَ ۔ تو کہہ دے مین یہی ہون ڈر سنانے والا ❖
״	القصص	٥	لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَا أَتَاهُمْ مِنْ نَذِيرٍ مِنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۔ کہ تو ڈر سنا دے ایک لوگون کو جن پاس نہین ایا کوئی ڈر سنانیوالا تجہسے پہلے تو کہ وہ نصیحت پکڑین ❖
״	العنکبو	٢	وَإِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ



پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			اور بہیجا ہم نے ابراہیمؑ کو جب کہا اپنی قوم کو بندگی کرو اللہ کی اور اس کا ڈر رکہو یہہ بہتر ہے تم کو تم سمجہہ رکہتے ہو ❖
۲۱	العنکبوت	۵	وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ اور مین تو یہی ڈر سنا نیوالا ہون کہولکر ❖
۔۔	الروم	۴	مُنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ سب رجوع ہوکر اسکی طرف اور اس سے ڈرتے رہو اور کہڑی رکہو نماز اور مت ہو شریک والون مین ❖
۔۔	لقمٰن	۴	یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا یَوْمًا لَّا یَجْزِیْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَیْــًٔا اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا وَلَا یَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ای لوگو ڈرو اپنے پروردگار سے اور ڈرو اس دن سے کہ کام نہ آوے کوی باپ اپنے بیٹے کے بدلے اور نہ کوئی بیٹا ہو جو کام آوے اپنے باپ کی جگہہ کچہہ بے شک اللہ کا وعدہ ٹہیک ہے سو تم کو نہ بہکا وی دنیا کا جلینا اور نہ دہوکا دیوے تم کو اللہ کے نام سے وہ دغا باز ❖
۔۔	السجدۃ	۱	بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِیْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ۝ کوئی نہیں وہ ٹہیک ہے تیرے رب کی طرف سے کہ تو ڈر سنادے ایک لوگون کو جنکو نہیں آیا کوی ڈرانے والا تجہہ سے پہلے شاید وہ راہ پر آوین ❖
۔۔	۔۔	۲	یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ پکارتے ہین اپنے رب کو ڈر سے اور لالچ سے اور ہمارا دیا کچہہ خرچ کرتے ہین سو کسی جی کو معلوم نہین جو چہپا دہرا ہے ان کے واسطے جو ٹہنڈک ہے آنکہون کی بدلہ اس کا جو کرتے تہے ❖
۲۲	الاحزاب	۶	یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۝ وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ۝ ای نبی ہم نے تجہکو بہیجا بتانے والا اور خوشی سنانے والا اور ڈرانے والا اور بلانے والا اللہ کی طرف اس کی حکم سے اور چراغ چمکتا ❖
۔۔	۔۔	۔۔	وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِیْرًا ۝ اور خوشی سنا ایمان والون کو کہ ان کو ہے خدا کی طرف سے بڑی بزرگی ❖
۔۔	۔۔	۷	وَاتَّقِیْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدًا ۝ اور ڈرتیان رہو اللہ سے بیشک اللہ کے سامنے ہے ہر چیز ❖
۔۔	۔۔	۹	یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۝ (دو آیت تا عظیما ۝) اے ایمانوالو

پارہ	سورۃ	رکوع	
			ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو بات سیدہی ۞
۲۲	السّبا	۳	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ اور تجھکو جو ہمنے بہیجا سو سارے لوگون کے واسطے خوشی اور ڈر سنانے کو لیکن بہت لوگ نہین سمجھتے
"	"	۴	وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ اور نہین بہیجا ہم نے کسی بستی مین کوئی ڈرانیوالا مگر کہنے لگے ہین وہان کے آسودہ لوگ جو تمہارے ہاتھ بہیجا ہم نہین مانتے
"	فاطر	۳	اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ۔ تو تو ڈر سنا دیتا ہے ان کو جو ڈرتے ہین اپنے رب سے بن دیکھے اور قایم رکھتے ہین نماز اور جو کوئی سنوریگا تو یہی کہ سنوریگا اپنے بہلے کو ۞
"	"	"	اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ۔ تو تو یہی ہے ڈر کی خبر پہونچانے والا ۞
"	"	"	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ۔ ہمنے بہیجا ہے تجھکو سچا دین دیکر خوشی اور ڈر سناتا اور کوئی فرقہ نہین جسمین نہین ہوچکا کوئی ڈرانے والا ۞
"	"	۴	اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰۗؤُا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۔ ڈرتے رہین اسکے بندون مین جنکو سمجھ ہے تحقیق اللہ زبردست ہے بخشنے والا ۞
"	"	"	اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ ۔ کیا ہمنے عمر نہ دی تہی تم کو جتنے مین سوچ لے جنکو سوچنا ہو اور پہونچا تم کو ڈر سنانے والا ۞
"	یٰس	۱	تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۔ (از عزیز خوف و از رحیم امید) اتارا زبردست رحم والے کا
"	"	"	لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَاۗؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۔ کہ تو ڈرا دے ایک لوگون کو کہ ڈر نہین سنا ملنے باپ دادون نے سو وہ خبر نہین رکہتے ۞
"	"	"	اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۔ (بحز از رحمن باید ترسید) تو تو ڈر سنا دے اسکو جو چلے سمجھانے پر اور ڈرے رحمن سے بن دیکھے سو اسکو دے خوشخبری معافی کی اور عزت کی نیک کی۔
۲۳	"	۵	لِتُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۔ تا ڈر سنا دے اس کو جسمین جان ہو اور ثابت ہو بات منکرون پر ۞
"	الصّٰفّٰت	۴	وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۔ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۔ اور تحقیق الیاس ؑ ہے رسولون مین جب کہا اپنی قوم کو کیا تمکو ڈر نہین ۞



پارہ	سورۃ	رکوع	متن
۲۳	ص	۳	أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ۔ کیا ہم کرین گے ڈر والون کو برابر ڈہیٹہ لوگون کے ÷
״	الزمر	۲	قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۔ تو کہہ اے بندو میرے جو یقین لاتے ہو ڈرو اپنے رب سے
״	״	״	قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۔ تو کہہ مین ڈرتا ہون اگر حکم نہ مانون اپنے رب کا عذاب ایک بڑے دن کے سے ÷
״	״	״	ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ ۔ اس چیز سے ڈراتا ہے اللہ اپنے بندون کو
״	״	״	يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ ۔ اے بندو میرے تم مجہہ سے ڈرو ÷
״	״	״	أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۔ بہلا جس پر ٹہیک ہو چکا عذاب کا حکم بہلا تو خلاص کرے گا آگ مین پڑے کو ÷
״	״	״	لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَعْدَ اللَّهِ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ۔ لیکن جو ڈرتے رہے اپنے رب سے انکے واسطے ہین بالا خانے اوپر انکے سے بالا خانے ہین بنائے ہوئے چلتی ہین نیچے ان کے سے نہرین وعدہ ہوا اللہ کا اللہ نہین خلاف کرتا وعدہ ÷
״	״	۳	تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۔ (تا هادٍ) بال کہڑے ہوتے ہین اس کتاب سے کہال پر ان لوگون کے جو ڈرتے ہین اپنے رب سے ÷
״	״	״	قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۔ قرآن ہے عربی زبان کا جس مین کجی نہین تو کہ وہ ڈرین ÷
۲۴	״	۴	أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ۔ لَهُمْ مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ (چند آیات از پیش وپس) وہی لوگ ہین ڈر والے انکو ہے جو چاہین اپنے رب کے پاس ÷
״	״	״	أَلَيْسَ اللَّهُ بِعَزِيزٍ ذِي انْتِقَامٍ ۔ کیا نہین ہے اللہ زبردست بدلا لینے والا ÷
״	״	۶	قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا ۔ (تا چند آیات ارشاد امید وبیم وتوبہ) کہدے اے بندو میرے جنہون نے زیادتی کری ÷
״	״	۸	وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۔ (چند آیات از پیش وپس بیان عذاب نا ترسندگان اور) ڈراتے تم کو اس تمہارے دن کی ملاقات سے ÷
״	״	״	وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ (تا چند آیات بیان ثواب ترسندگان از خدائے تعالے) اور رواں کیے گئے جو ڈرتے ہین اپنے رب سے ÷

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۴	المؤمن	۱	غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ (الآیۃ) گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب کرتا ÷
"	"	۲	لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ۔ (تاچند آیات) تو کہ ڈراوے دن ملاقات کے سے ÷
"	"	"	وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ ۔ (سہ آیات تا الصدور) اور ڈرا ان کو دن قیامت سے جس وقت دل پہونچیں گے گلوں کو تو د بارہے ہونگے
"	حم السجدہ	۲	فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ۔ (شش آیات تا یتقون) پس اگر منہ پھیریں پس کہہ ڈراتا ہوں میں تم کو عذاب آسمان کے مانند عذاب آسمان عاد اور ثمود کی
"	"	"	وَنَجَّيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۔ اور بچا دیئے ہمنے جو کہ ایمان لائے اور تھے ڈرتے
"	"	۵	مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ۔ نہیں کہا جاتا واسطے تیرے مگر وہی جو کہا گیا واسطے رسولوں کے آگے تیرے تحقیق پروردگار تیرا البتہ بخشش کرنے والا اور عذاب دردناک کرنے والا ہے ÷
۲۵	الشوریٰ	۱	وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ۔ اور سیطرح اتارا ہمنے تجھپر قرآن عربی زبان کا کہ تو ڈراوے مکہ والوں کو اور ان کو کہ گرد اس کے ہیں اور ڈراوے دن اکٹھے کرنے کے سے نہیں شک بیچ اس کے ایک فرقہ ہوگا بیچ بہشت کے اور ایک فرقہ ہوگا بیچ دوزخ کے
"	"	۲	وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ۔ اور جو لوگ ایمان لائے ڈرتے ہیں قیامت سے اور جانتے ہیں کہ وہ حق ہے خبردار رہ تحقیق وہ لوگ کہ جھگڑتے ہیں بیچ قیامت کی البتہ بیچ گمراہی دور کے ہیں ÷
"	الزخرف	۳	وَالْآخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (سہ آیات از ما قبل) اور پچھلا گھر تیرے رب کے یہاں انہیں کو ہے جو ڈر رکھیں ÷
"	"	۶	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۔ سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو ÷
"	"	"	الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ ۔ جتنے دوست ہیں اسدن دشمن ہونگے مگر ہیں جو ڈر والے ÷
"	الدخان	۱	إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ ۚ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِينَ ۔ بیشک اتارا ہم نے اس قرآن کو بہت برکت والی رات کے تحقیق ہم ہیں ڈرانے والے ÷

متن	رکوع	سورة	پاره
يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۞ جسدن پکڑین گے ہم بڑی پکڑ بے شک ہم بدلہ لینے والے ہین ✤	١	الدخان	٢٥
وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۞ اور تو دیکھے گا ہر ایک امت اپنے زانو پر گری ہوئی ✤	٤	الجاثیه	″
وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۞ اور مجھکو معلوم نہین کیا ہوتا ہے مجھ سے اور تم سے ✤	١	الاحقاف	٢٦
اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ مین اسی پر چلتا ہون جو حکم آتا ہے مجھکو اور میرا کام یہی ہے ڈر سنا دینا کھولکر ✤	″	″	″
وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۞ اور یاد کر عاد کے بھائی کو جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف مین اور گذر چکے تھے ڈرانے والے آگے سے اور پیچھے سے کہ بندگی نہ کرو کسی کی الله کے سوا مین ڈرتا ہون تمپر عذاب سے ایک بڑے دن کے	٣	″	″
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۞ اے ایمان والو آگے نہ بڑھو الله سے اور اسکے رسول سے اور ڈرتے رہو الله سے اور الله سنتا ہے جانتا ✤	١	الحجرات	″
فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۞ سو ملا دو اپنے دو بھائیون کو اور ڈرتے رہو الله سے توکہ تم رحم کیے جاؤ ✤	″	″	″
وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۞ اور ڈرتے رہو الله سے بیشک الله معاف کرنیوالا ہے مہربان	٢	″	″
بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۞ بلکہ انکو تعجب ہوا کہ آیا ان پاس ایک ڈر سنانیوالا ان مین کا	١	ق	″
مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ۞ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۞ جو ڈرا رحمن سے بن دیکھے اور لایا دل جس مین رجوع ہے چلے جاؤ اس مین سلامت ✤	٣	″	″
وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ (دو آیت تا شہید) ۞ اور بہت ہلاک کیے ہم نے پہلے ان سے قرن	″	″	″
فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۞ سو تو سمجھا قرآن سے جو ڈرے میرے ڈر کے سے ✤	″	″	″
وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۞ اور رکھا اس مین نشان ان لوگون کو جو ڈرتے ہین عذاب درد دینے والے سے ✤	٢	الذریت	٢٧
فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ سو بھاگو الله کیطرف مین تم کو اس کی طرف سے ڈر سناتا ہون کھولکر ✤	٣	″	″
وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ اور نہ ٹھہراؤ الله کے ساتھ اور کوئی معبود	″	″	″

پارہ	سورۃ	رکوع	
			ہین تم کو اس کی طرف ڈر سناتا ہون کہولکر ؎
۲۷	الطور	۱	إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝ (چند آیات از پیش و پس بہ سوگند ہا از عذاب نترسانید) بیشک عذاب تیرے رب کا ہونا ہے ؎
″	″	″	قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ ۝ فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ ۝ (۸ آیات از ماقبل باید دید وسہ آیات از مابعد) بولے ہم تہے اپنے گہر مین ڈرتے رہتے پہر احسان کیا اللہ نے ہم پر اور بچایا ہم کو لوکے عذاب سے ؎
″	النجم	۳	هَٰذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَىٰ ۝ یہہ ایک ڈر سنانیوالا ہے پہلے ڈر سنانے والون مین کا ؎
″	″	″	أَزِفَتِ الْآزِفَةُ ۝ آپہونچی آنے والی ؎
″	القمر	۱	وَلَقَدْ جَاءَهُم مِّنَ الْأَنبَاءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ ۝ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝ (تا چند آیات باید دید) اور البتہ آئی ہے ان کے پاس خبرون مین سے وہ چیز کہ بیچ اس کے ڈانٹنا ہے پورے عقل کی بات ہے پہر کام نہین کرتے ڈر سنانے والے ؎
″	″	″	فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ (سہ بار) پہر کیسا تہا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ؎
″	″	۲	كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ۝ جہٹلائے ثمود نے ڈر سناتے ؎
″	″	″	فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ پہر کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ؎
″	″	″	كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا (الآیۃ) جہٹلائے لوط کی قوم نے ڈر سناتے ہم نے بہیجا اپر باو پتہرون کی
″	″	″	وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ۝ اور وہ ڈرا چکا انکو ہماری پکڑ سے پہر لگی کرنے ڈرانیوالون کو
″	″	″	فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ اب چہکو میرا عذاب اور میرا ڈرانا ؎
″	″	″	فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ اب چہکو میرا عذاب اور میرا ڈرانا ؎
″	″	۳	وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ اور پہونچے فرعون والون کو ڈرانے والے ؎
″	″	″	فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ پہر پکڑی ہمنے ان کو پکڑ زبردست کی قابو مین لیکر ؎
″	الرحمن	۲	سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ ۝ ہم جلد فارغ ہوتے ہین واسطے تمہارے لیے جنون اور انسانون
″	″	″	يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ (تا آخر رکوع) اے جماعت جنون اور آدمیون کی
″	″	۳	وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ (تا آخر سورۃ) اور جو کوئی ڈرا کہڑے ہونے سے اپنے رب کے آگے اسکو ہین دو باغ
″	الحديد	۲	أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ (تا فَاسِقُونَ ۝)

پاره	سورة	رکوع	
			کیا وقت نہین پہونچا ایمان والون کو کہ گڑگڑاوین ان کے دل اللہ کی یاد سے اور جو اترا سچا دین
۲۷	الحدید	۴	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَحْمَتِهِ وَيَجْعَلْ لَكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۔ اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور یقین لاؤ اسکے رسول پر دیوے تم کو دو بوجھے اپنی مہر سے اور رکھدے تم مین روشنی جسکو لئے پہرو اور تم کو معاف کرے اور اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان ❖
۲۸	المجادلة	۲	وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے پاس جمع ہوگے ❖
〃	الحشر	۱	وَمَنْ يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۔ اور جو کوئی مخالفت کرے اللہ کی پس اللہ کا عذاب سخت ہے ❖
〃	〃	〃	وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے بے شک اللہ کا عذاب سخت ہی ❖
〃	〃	۳	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۔ ای ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور چاہیے دیکھے ہر کوئی جی کیا بہیجتا ہے کل کے واسطے ❖
〃	〃	〃	وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو ❖
〃	〃	〃	لَوْ أَنْزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۔ اگر ہم اتارتے یہ قرآن ایک پہاڑ پر تو تو دیکھتا وہ دب جاتا پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے اور یہہ کہاوتین ہین ہم سناتے ہین لوگون کو تا وہ دہیان کرین ❖
〃	الممتحنة	۲	وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُونَ ۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے جس پر تم کو یقین ہے ❖
〃	التغابن	۲	فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنْفِقُوا خَيْرًا لِأَنْفُسِكُمْ ۔ سو ڈرو اللہ سے جہان تک ڈرسکو اور سنو اور مانو اور خرچ کرو اپنے بہلے کو ❖
〃	الطلاق	۱	وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ ۔ اور ڈرو اللہ سے جو رب ہی تمہارا ❖
〃	〃	〃	وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۔ جو کوئی ڈرتا رہے اللہ سے وہ کردیگا واسطے اسکے راہ نکلنے کی مشکل سے اور رزق دیگا اس کو اس جگہہ سے کہ نہین گمان کرتا
〃	〃	〃	وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا ۔ اور جو کوئی ڈرتا رہے اللہ سے کردے وہ اسکے کام مین آسانی
〃	〃	〃	وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ لَهُ أَجْرًا ۔ اور جو کوئی ڈرتا رہے اللہ سے اتارے اس سے اس کی برائیان اور بڑا دیگا اس کو ثواب ❖
〃	〃	۲	فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ (چند آیات از پیش و پس) سو ڈرتے رہو اللہ سے ای عقل والو ❖

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۹	الملک	۱	كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۔ جس بار ڈالے جاوسے گی بیچ جہنم کے کوئی جماعت پوچہیں ان سے اُسکے داروغہ کیا نہیں پہونچا تم پاس کوئی ڈرانے والا ❖
״	״	״	قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ ۔ وہ بولیں گے کیوں نہیں ہم پاس پہونچا تہا ڈرسنانے والا پہر ہمنے جہٹلایا اور کہا نہیں اتاری اللہ نے کچہہ چیز
״	״	״	إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ۔ جو لوگ ڈرتے ہیں اپنے رب سے بن دیکہے ان کو معافی ہے اور ثواب بڑا ❖
״	״	۲	ءَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ۔ کیا نڈر ہو تم اس شخص سے جو بیچ آسمانوں کے ہے یہ کہ دہنسادیوے تم کو زمین میں پس ناگاہ وہ پہٹ جاوے ❖
״	״	״	ءَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ط کیا نڈر رہو اس سے جو آسمان میں ہے کہ چہوڑدے تمپر مینہ پتہروں کا ❖
״	״	״	فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ۔ پس اب جانوگے کہ کیسا تہا ڈرانا میرا ❖
״	القلم	۱	كَذَٰلِكَ الْعَذَابُ ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۔ یوں ہی آتی ہے آفت اور آخرت کی آفت سو سب سے بڑی ہے اگر ان کو سمجہہ ہوتی ❖
״	״	۲	إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۔ البتہ ڈروالوں کو ان کے پاس باغ ہیں نعمت کے
״	معارج	۱	وَالَّذِينَ هُمْ مِنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُونَ ۔ اور جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں ❖
״	״	״	إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ۔ بیشک انکے رب کے عذاب سے نہیں کوئی نڈر کیا گیا ❖
״	نوح	۱	إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۔ ہمنے بہیجا نوح کو اسکی قوم کی طرف کہ ڈرا اپنی قوم کو اس سے پہلے کہ پہونچے انپر عذاب دکہہ والا ❖
״	״	״	قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ۔ کہا نوح نے اے قوم میری میں تم کو ڈرسناتا ہوں کہولکر ❖
״	״	״	أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ ۔ يَغْفِرْ لَكُمْ مِنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى (تا آخر) کہ بندگی کرو اللہ کی اور اس سے ڈرو اور میرا کہا مانو بخشے وہ تم کو کچہہ گناہ تمہارے اور ڈہیل دے تم کو ایک ٹہیرے وعدہ تک ❖
״	المدثر	۱	يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ ۔ اے کپڑا اوڑہنے والے کہڑا ہو پہر ڈرسنا ❖
״	״	۲	كَلَّا ۖ بَلْ لَا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ط کوئی نہیں پہر ڈرتے نہیں آخرت سے ❖
״	الدھر	۱	إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ۔ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ (تا چند آیات)

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
			تحقیق ہم ڈرتے ہین پروردگار اپنے سے اسدن کہ ہوگا منہ بنانیوالا تیوڑی چڑہانیوالا
۳۰	النباء	۱	اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا (تا چند ایات) بے شک دوزخ ہے تاک مین ❖
״	״	۲	اِنَّا اَنْذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا (تا آخر) تحقیق ہمنے ڈرایا تم کو عذاب قریب سے ❖
״	النزعات	۱	وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى اور راہ بتاؤن تجھکو تیرے رب کی طرف پہر تجھکو ڈر ہو ❖
״	״	۲	وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝ اور جو کوئی ڈرا اپنے رب پاس کہڑے ہونے سے اور روکا اُس نے جی کو چاؤ سے سو بہشت ہی ہے اسکا ٹہکانا
״	״	״	اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا تو تو ڈر سنانیکو ہے اس کو جو اس سے ڈرتا ہے ❖
״	البروج	۱	اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝ بیشک تیرے رب کی پکڑ سخت ہے، بیشک وہی پیدا کرے پہلی مرتبہ اور دوسری مرتبہ اور وہی ہے
״	الاعلیٰ	۱	سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ سمجھ جاوے گا جس کو ڈر ہوگا ❖
״	الفجر	۱	اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝ تیرا رب لگا ہے گہات مین ❖
״	البینۃ	۱	جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۝ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝ بدلا ان کا ان کے رب کے یہان باغ ہین بہتی ہین نیچے ان کے سے نہرین سدا رہین ان مین ہمیشہ اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی یہ ملتا ہے اسکو جو ڈرتا ہے اپنے رب سے ❖
״	الفیل	۱	اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ (تا آخر) کیا تو نے نہ دیکہا کیسا کیا تیرے رب نے ہاتہی والون سے ❖

ریاضت و مجاہدہ نفس

پارہ	سورۃ	رکوع	آیت و ترجمہ
۲۱	العنکبوت	۷	وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اور جن لوگون نے کہ محنت کی بیچ راہ ہمارے کے البتہ دکہاوین گے ہم ان کو راہ اپنی اور تحقیق اللہ البتہ ساتہ احسان کرنے والون کے ہے ❖
۲۹	المزمل	۱	وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ اور منقطع ہو جا طرف اسکی منقطع ہو جانے کر ❖
״	״	״	اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْئًا وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ تحقیق اٹہنا رات کا وہ بہت سخت ہے کچلنے نفس کے بین اور بہت سیدہا کرنے والا ہے بات کو ❖

پارہ	سورۃ	رکوع	
۳۰	الانشراح	۱	فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۔ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ۔ پس جب فارغ ہو تو محنت کر بیچ عبادت کے اور طرف رب اپنے کی پس رغبت کر ؞

بیان ذکر

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲	البقرۃ	۱۸	فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِیْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۔ پس یاد کرو تم مجھکو یاد کرونگا مین تم کو اور شکر کرو واسطے میرے اور نہ کفر کرو مجھہ سے ؞
ر	ر	۲۵	فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۔ پس جب پہرو تم عرفات سے پس یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر الحرام کے ؞
ر	ر	ر	وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّیْنَ ۔ اور یاد کرو اس کو جیسا ہدایت کیا تم کو اور تحقیق تھے تم پہلے اس سے البتہ گمراہون سے ؞
ر	ر	ر	فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۔ پس جب کر چکو تم عبادتین اپنی پس یاد کرو اللہ کو جیسا کہ یاد کرنا ہی تمہارا باپون اپنے کو یا زیادہ تر یاد کرنا ؞
۴	آل عمران	۲۰	اَلَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ ۔ وہ لوگ جو یاد کرتے ہین اللہ کو کہڑے اور بیٹھے اور اوپر کروٹون اپنی کے ؞
۵	النسآء	۱۵	فَاِذَا قَضَیْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِكُمْ (ف یاد الٰہی فرض دائمی ست) پس جب تمام کر چکو نماز کو پس یاد کرو اللہ کو کہڑے اور بیٹھے اور اوپر کروٹون اپنی کے
ر	ر	۲۱	وَلَا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِیْلًا ۔ (شکایت منافقان) اور نہین یاد کرتے اللہ کو مگر تھوڑا
۷	المائدۃ	۱۲	اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ۔ سوائے اسکی نہین کہ ارادہ کرتا ہے شیطان یہہ کہ ڈالے درمیان تمہارے عداوت اور بغض بیچ شراب کے اور جوے کے اور بند کرے تمکو یاد خدا کی سے اور نماز سے پس کیا ہو تم باز رہنے والے ؞
۸	الانعام	۱۶	وَاَنْعَامٌ لَّا یَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهَا افْتِرَآءً عَلَیْهِ ۭ سَیَجْزِیْهِمْ بِمَا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۔ اور جانور روہ ہین کہ نہین یاد کرتے نام اللہ کا اوپر انکے جہوٹ باندھ کر اوپر اس کے البتہ بدلا دیگا انکو بدلے اس چیز کے کہ تہے باندہ لیتے ؞
۸	الاعراف	۲۴	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِیْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِیْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
			وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۔ اور یاد کر پروردگار اپنے کو بیچ جی اپنے کے عاجزی سے اور ڈر سے اور کم آواز سے بات سے صبح کو اور شام کو اور مت ہو غافلوں سے ✣
۱۳	الرعد	۲	وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۔ اور تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ تعریف اس کی کے اور فرشتے ڈر اس کے سے ✣
″	″	۴	وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۔ اور راہ دکھلاتا ہے طرف اپنی اس شخص کو کہ رجوع کرتا ہے جو لوگ کہ ایمان لائے اور آرام پکڑتے ہیں دل انکے ساتھ یاد اللہ
″	″	″	اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔ خبردار ہو ساتھ یاد اللہ کے آرام پکڑتے ہیں دل ✣
۱۵	الکہف	۴	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۔ اور یاد کر پروردگار اپنے کو جب بھول جاوے تو اور کہہ شتاب ہی ہیہ کہ ہدایت کرے مجھکو رب میرا طرف نزدیک زیادہ کے اس سے بھلائی میں ✣
۱۶	طٰہٰ	۱	اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۔ مگر نصیحت واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے ✣
″	″	″	وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۔ اور قایم رکھہ نماز کو واسطے یاد میری کے ✣
۱۸	المؤمنون	۶	فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۔ پس پکڑا تھا تمنے انکو مسخرہ یہان تک کہ بھلا دیا تم کو انہون نے یاد میری سے اور تھے تم ان سے ہنستے
۲۱	العنکبوت	۵	وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۔ اور البتہ یاد اللہ کی بہت بڑی ہے
۲۲	الاحزاب	″	وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۔ اور یاد کرنیوالے اللہ کو بہت اور یاد کرنیوالیان تیار کیا ہے اللہ نے واسطے ان کے بخشش اور ثواب بڑا ✣
″	″	۶	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۔ ای لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت اور پاکی بیان کرو اس کی صبح اور شام ✣
۲۳	ص	۲	وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۔ قسم ہے قرآن نصیحت کرنیوالے کی ✣
″	″	۲	اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۔ (ف نسیان ضد ذکر ست) تحقیق جو لوگ گمراہ ہو جاتے ہین راہ خدا کے سے واسطے انکے عذاب ہے سخت بسبب اس کے کہ وہ بھول گئے دن حساب کا ✣
″	الزمر	۲	ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۔ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ (از اول و آخر باید دید) پھر نرم ہو جاتے ہین چمڑے ان کے اور دل انکو طرف یاد خدا کی یہہ ہے ہدایت اللہ کی ✣

۱۵ ″ ″ ولا تطع من اغفلنا قلبه عن ذكرنا واتبع هوىه وكان امره فرطا ۔ اور مت کہا مان اس شخص کا جس کا دل غافل کیا ہم نے اپنی یاد سے اور پیچھے پڑا اپنی خواہش کے اور ہے اس کا کام حد سے نکلا ہوا ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۵	الزخرف	۴	وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَانًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ (تا چند آیات) اور جو کوئی شب کوری کرے یاد خدا کی سے مقرر کرتے ہین ہم واسطے اسکے ایک شیطان پس وہ واسطے اسکے ہمنشین ہوتا ہے
〃	〃	〃	وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ اور تحقیق یہہ ذکر ہے واسطے تیرے او واسطے قوم تیری کے اور البتہ سوال کئے جاؤگے تم ÷
۲۷	القمر	۱	وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (چہار بار) اور تحقیق اسان کیا ہمنے قرآن کو واسطے نصیحت کے پس کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا ÷
۲۸	المجادلہ	۳	اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ أُولَٰئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ غالب آیا ہی اوپر انکے شیطان پس بہلاوی انکو یاد خدا کی یہہ لوگ گروہ شیطان کے ہین خبردار ہو تحقیق گروہ شیطان کے وہی ہین زیان پانے والے ÷
〃	الحشر	۳	وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (تا چند آیات مؤید این مضمون) اور مت ہوؤ مانند ان لوگون کی کہ بھول گئے خدا کو پس بہلادی خدا نے مصلحت جانون انکی کی یہہ لوگ وہی ہین فاسق ÷
〃	الجمعۃ	۲	فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ شتاب کرو طرف یاد خدا کی اور چھوڑ دو سوداگری یہہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ÷
〃	〃	〃	وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ اور یاد کرو اللہ کو بہت تو کہ تم فلاح پاؤ ÷
〃	المنافقون	۲	يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ اے لوگو جو ایمان لائے تم نہ غافل کرین تمکو مال تمہارے اور نہ اولاد تمہاری یاد خدا کی سے اور جو کوئی کرے یہہ کام پس یہہ لوگ وہی ہین ٹوٹا پانے والے ÷
۲۹	المزمل	۱	وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا اور یاد کر نام پروردگار اپنے کا اور منقطع ہو جا طرف اس کی منقطع ہو جانے کر ÷
〃	الدھر	۲	وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا اور یاد کر نام پروردگار اپنے کا صبح اور شام
〃	〃	〃	إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا تحقیق یہہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے پکڑے طرف پروردگار اپنے کی راہ ÷

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۵	اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ کیا حکم کرتے ہو لوگون کو ساتھ بھلائی کے اور بھولے جاتے ہو جانون اپنی کو اور تم پڑھتے ہو کتاب ❖
۲	"	۲۲	لَيْسَ الْبِرَّ تا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ) نہین بھلائی ❖
۳	آل عمران	۲	اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ۔ وہ صبر کرنے والے ہین اور سچے اور فرمانبرداری کرنے والے اور خرچ کرنے والے اور بخشش مانگنے والے بیچ پچھلی راتے
۶	المائدہ	۱۰	وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۔ اور ماں اوسکی صدیقہ تھی ❖
۷	"	۱۶	قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ کہیگا اللہ یہہ دن ہے کہ فائدہ دیگا سچون کو سچ انکا واسطے ان کے بہشتین ہین چلتی ہین نیچے انسے نہرین ہمیشہ رہینگے ہمیشہ راضی ہوا اللہ ان سے اور راضی ہوئے وہ اس سے یہی ہے مراد پانا بڑا ❖
۱۰	التوبۃ	۷	عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ معاف کرے اللہ تجہہ سے کیون پروانگی دی تونے انکو یہانتک کہ ظاہر ہو جاتے واسطے تیرے وہ لوگ کہ سچ بولنے والے ہین اور جان لیتا توجہوٹون کو ❖
۱۱	"	۱۵	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ ساتھ سچون کے ❖
۱۲	ھود	۸	وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰكُمْ عَنْهُ (قول حضرت شعیب علیہ السلام) اور نہین ارادہ کرتا ہین یہہ کہ مخالفت کرون مین تمہاری طرف اس چیز کی کہ منع کرتا ہون مین تم کو اس سے
"	یوسف	۶	يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ یوسف اے بڑے سچے ❖
۱۶	مریم	۳	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے ابراہیم کو تحقیق تھا بہت سچا نبی ❖
"	"	"	وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۔ اور کی ہمنے واسطے ان کے زبان راستی کی بلند ❖
"	"	۴	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے اسمعیل کو تحقیق وہ تہا سچا وعدے کا اور تہا پیغمبر نبی ❖
"	"	"	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے ادریس کو تحقیق وہ تہا سچا نبی اور چڑہا لیا ہمنے اس کو مکان بلند مین ❖

۲۰	العنکبوت	۱	فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ پس البتہ ظاہر کریگا اللہ ان لوگون کو کہ سچ بولتے ہین اور البتہ ظاہر کریگا جہوٹون کو ؛
۲۱	الاحزاب	۱	لِيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ تو کہ سوال کرے سچون کو راستی انکی سے ؛
۔	۔	۳	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ (تا تَبْدِيْلًا ۰) بعضے مسلمانون مین سے وہ مرد ہین کہ سچ کہا انہون نے اس چیز کو کہ عہد باندہا تہا اللہ سے اوپر اُس کے ؛
۔	۔	۔	لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۰ تو کہ بدلہ دے اللہ سچون کو بدلے سچ لکنے کے اور عذاب کرے منافقون کو اگر چاہے یا توبہ کرے اوپر ان کے تحقیق اللہ ہی بخشنے والا مہربان ؛
۲۲	۔	۵	وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ (تا عَظِيْمًا ۰) اور سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیان ؛
۲۶	محمد	۳	فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ پس اگر سچ بولین اللہ سے البتہ ہووی بہتر واسطے انکے
۲۸	الحشر	۱	لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ ۰ (تا الصّٰدِقُوْنَ ۰) یہہ مال واسطے فقیرون وطن چہوڑنیوالونکے ہی
۔	الصف	۱	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۰ اے لوگو جو ایمان لائے ہو کیون کہتے ہو جو کچھ کہ نہین کرتے ؛
۔	۔	۔	كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۰ بڑا ہے ناخوشی مین نزدیک خدا کے یہہ کہ کہو جو کچھ کہ نہین کرتے ؛
۔	الجمعۃ	۱	فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ پس آرزو کرو تم موت کی اگر ہو تم سچے ؛

شفقت بر ضعیفان

۱	البقرۃ	۱۰	وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا ۰ اور ساتہہ مان باپ کے احسان کرنا اور قرابت والے اور یتیمون سے اور فقیرون سے اور کہو واسطے لوگون کے بہلائی ؛
۲	۔	۱۲	وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ اور دیا مال اوپر محبت اسکی کے قرابت والون کو اور یتیمون کو اور فقیرون کو اور مسافرون کو اور سوال کرنے والون کو اور بیچ چہڑانے گردنون کے ؛
۔	۔	۲۶	قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا

پارہ	سورۃ	رکوع	
			تفعلوا من خیر فان الله به علیم ۞ کہو جو کچھ خرچ کرو تم مال سے پس واسطے ماں باپ کے اور قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور مسافروں کے اور جو کچھ کرو گے تم بھلائی سے پس تحقیق اللہ ساتھ اسکے جاننے والا ہے ۞
۲	البقرۃ	۲۷	ویسئلونک عن الیتمٰی قل اصلاح لهم خیر وان تخالطوهم فاخوانكم والله یعلم المفسد من المصلح ۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ سے یتیموں سے کہہ سنوارنا واسطے انکے بہتر ہے اور اگر ملا لوں کو تم پس بھائی ہیں تمہارے اور اللہ جانتا ہے مفسد کو سنوارنے والے سے
۳	〃	۳۷	للفقراء الذین احصروا فی سبیل الله لا یستطیعون ضربا فی الارض یحسبهم الجاهل اغنیاء من التعفف (تا علیم) واسطے ان فقیروں کے ہے جو بند کئے گئے ہیں بیچ راہ خدا کے نہیں سکتے چلنا بیچ زمین کے جانتا ہے ان کو جاہل دولتمند بے سوالی سے ۞
〃	〃	۳۸	وان كان ذو عسرة فنظرة الى میسرة وان تصدقوا خیر لكم ان كنتم تعلمون واتقوا یوما ترجعون فیه الى الله ثم توفى كل نفس ما كسبت وهم لا یظلمون ۔ اور اگر ہو قرضدار تنگی والا پس ڈھیل دینا ہے فراغت تلک اور یہہ کہ خیرات کرو وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جاننے والے اور ڈرو اس دن سے کہ پھیرے جاؤ گے بیچ اسکے طرف اللہ کی پھر پورا دیا جاوے گا ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے اور وہ نہیں ظلم کئے جاوینگے ۞
۵	النساء	۱	یا ایها الناس اتقوا ربكم (تا آخر رکوع تا سعیرا ۔ بیان حقوق اہل قرابت و مساکین و یتیمان و زنان در مواضع متفرقہ) اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے ۞
〃	〃	۶	واعبدوا الله ولا تشركوا به شیئا وبالوالدین احسانا وبذی القربى والیتمٰى والمسٰكین والجار ذی القربى والجار الجنب والصاحب بالجنب وابن السبیل وما ملكت ایمانكم ان الله لا یحب من كان مختالا فخورا ۞ الذین یبخلون ویامرون الناس بالبخل (تا آخر) اور عبادت کرو اللہ کی اور مت شریک لاؤ ساتھ اسکے کسی چیز کو اور ساتھ ماں باپ کے احسان کرنا اور ساتھ قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور فقیروں کے اور ہمسائے قرابت والے کے اور ہمسائے اجنبی کے اور صحبت رکھنے والے کروٹ پر اور مسافر کے اور جنکے مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا اس شخص کو کہ ہے تکبر کرنے والا شیخی کرنے والا وہ لوگ جو بخیلی کرتے ہیں اور حکم کرتے ہیں لوگوں کو ساتھ بخیلی کے ۞
۶	المائدۃ	۳	الا من امر بصدقة (ف تمام صدقات شفقت بر مساکین ست ۞)۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
٧	الانعام	٦	وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ (تا آخر) اور مت ہانک دے ان لوگون کو کہ پکارتے ہین پروردگار اپنے کو صبح اور شام ✤
٨	〃	١٩	وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ط اور مت نزدیک جاؤ مال یتیم کے مگر ساتھ اس طرح کے کہ وہ بہت اچھی ہے ✤
١٢	هود	٧	فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ۝ (خاطر داری مسافر اجنبی) پس نہ دیر کی کہ لے آیا گای کا بچہ بلا ہوا
〃	〃	〃	فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ - پس ڈرو اللہ سے اور مت رسوا کرو مجھکو بیچ مہمانون میرے کے
١٥	بنی اسرائیل	٣	وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۝ اور دے قرابت والے کو حق اسکا اور مسکین کو اور مسافر کو ✤
〃	〃	٤	وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اور مت پاس جاؤ مال یتیم کے مگر اس نیت سے کہ وہ بہت اچھی ہے ✤
〃	الکہف	٤	وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ (تا آخر) اور روک رکھہ جان اپنی کو ساتھہ ان لوگون کے کہ پکارتے ہین پروردگار اپنے کو صبح اور شام کو ✤
١٧	الحج	٤	وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ۝ اور کہلاؤ بہوکے فقیر کو ✤
١٨	النور	٣	وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اور قسم کہاوین صاحب بزرگی کے تم مین سے اور کشایش کے یہہ کہ دیوین صاحب قرابت اور فقیرون کو اور وطن چہوڑنے والون کو بیچ راہ اللہ کے اور چاہیئے کہ معاف کرین اور در گذرین کیا نہین دوست رکہتے تم یہہ کہ بخشدیوے اللہ تم کو اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ✤
٢١	الروم	٤	وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ط ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ پس دے قرابت والے کو حق اس کا اور فقیر کو اور مسافر کو یہہ بہت بہتر ہے واسطے ان لوگون کے کہ ارادہ کرتے ہین رضامندی خدا کی کا اور یہہ لوگ وہی ہین فلاح پانے والے ✤
٢٦	الذاریٰت	٢	اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ط قَالَ سَلٰمٌ ط قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝ (ف اکرام مسافر اجنبی) جس وقت کہ داخل ہوئے اوپر اس کے پس کہا انہون نے سلام ہے کہا سلام ہے تم قوم ہو ناپہچان
٢٨	الحشر	١	مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ جو کچھ پھیر لایا اللہ اوپر رسول اپنے کے ان بستیون والون سے پس واسطے خدا کے اور واسطے رسول کے اور واسطے قرابت والے کے اور یتیمون کے اور فقیرون کے اور مسافرون کے تو کہ نہو دے ہاتھون ہاتھ لینا درمیان دولتمندون کے تم مین سے ؛
۲۸	الحشر	۱	لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ واسطے فقیرون وطن چھوڑنے والون کے ہے جو نکالے گئے گہرون اپنے سے چاہتے ہین فیض خدا کے اور رضامندی اور مدد دیتے ہین خدا کو اور رسول اس کے کو یہی لوگ وہی ہین سچے ؛
〃	〃	〃	وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ اور واسطے ان لوگون کے جگہہ پکڑی ہے گہر ہجرت کی ہین اور ایمان مین پہلے انسے دوست رکہتے ہین ان کو جو وطن چھوڑتے ہین طرف انکی اور نہین پاتے بیچ دلون اپنے کے خلش اس چیز سے کہ دیجاوین مہاجرین کو اور اختیار کرتے ہین اوپر جانون اپنی کے اگرچہ ہو انکو تنگی اور جو کوئی بچایا جاوے بخیلی جان اپنی کے سے پس یہہ لوگ وہ ہین فلاح پانے والے ؛
۲۹	القلم	۱	أَنْ لَا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِسْكِينٌ (چند آیات از پیش و پس وبال نیت ندادن حق مساکین) یہ کہ نہ پہنچ آوے اس باغ مین آج اوپر تمہارے سے کوئی فقیر ؛
〃	الحاقۃ	۱	وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ (چند آیات از پیش و پس وبال ترک سعی و سفارش مساکین) اور نہ رغبت دلاتا تہا اوپر کہانے فقیر کے ؛
〃	المعارج	۱	وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ بیچ مالون ان کے کے حصہ ہے معلوم واسطے مانگنے والے کے اور بن مانگنے والے کے ؛
〃	المدثر	۲	وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۝ (چند آیات از پیش و پس وبال تغافل از مساکین) اور نہ تہے ہم کہانا کہلاتے فقیرون کو ؛
〃	الدہر	۱	وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝ کہلاتے ہین کہانا اوپر محبت اسکی کے فقیرون کو اور یتیمون کو اور قیدیون کو ؛
۳۰	الفجر	۱	كَلَّا بَلْ لَا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ ہرگز نہین یون بلکہ تم

نمبر	سورۃ	رکوع	متن
			حرمت نہیں کرتے یتیم کی اور نہیں رغبت دلاتے تم اوپر کہلانے فقیر کے ؛
۳۰	البلد	۱	فَكُّ رَقَبَةٍ اَوْ اِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۔ يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۔ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ چھڑانا گردن کا یا کہانا کہلانا بیچ دن بہوک والے کے یتیم قرابت والی یا فقیر خاک افتادہ کو
؍	الضحیٰ	۱	اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۔ کیا نہیں پایا تجھکو یتیم پس جگہہ دی ؛
؍	؍	؍	وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَاَغْنٰى ۔ اور پایا تجھکو فقیر پس غنی کیا ؛
؍	؍	؍	فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۔ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۔ پس جو یتیم ہو پس مت قہر کر اور جو مانگنے والا ہو اوپر پس مت ڈانٹ ؛
؍	الماعون	۱	فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۔ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ پس یہہ وہ شخص ہے جو دہکے دیتا ہے یتیم کو اور نہین رغبت دلاتا اوپر کہانا دینے فقیر کے
؍	؍	؍	وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۔ اور منع کرتے ہین برتنے کی چیز کو ؛

حفظ اللسان

نمبر	سورۃ	رکوع	متن
۱	البقرة	۹	فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ (تا آخر) پس وائی ہے واسطے ان لوگون کے کہ لکہتے ہین کتاب ساتہہ ہاتہون اپنے کے پہر کہتے ہین یہہ نزدیک اللہ کی سی ہے
؍	؍	؍	اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (ف ایسا ہی ہے مسئلہ بے تحقیق کہدینا) یا کہتے ہو اوپر اللہ کے جو نہین جانتے ہو تم ؛
؍	؍	۱۲	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا (ف ممانعت کلام ذوجہتین شرارت امیز) ای لوگو جو ایمان لائے ہو مت کہو راعنا ؛
۲	؍	۲۵	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۔ اور بعض لوگون مین سے وہ ہے کہ خوش لگتی ہے تجھکو بات اسکی بیچ زندگانی دنیا کے اور گواہ کرتا ہے اللہ کو اوپر اس چیز کے کہ بیچ دل اسکے کے ہے اور وہ بہت جھگڑالو ہی سب جھگڑنیوالون
۳	؍	۲۸	وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ (تا آخر) اور مت کرو اللہ کو نشانہ واسطے قسمون اپنی کے
؍	؍	؍	لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْۤ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ نہین پکڑتا تمکو اللہ ساتہہ بے قصد کے بیچ قسمون تمہاری کے ولیکن پکڑتا ہے تم کو ساتہہ اس چیز کے کہ کمایا دلون تمہارے نے
۴	ال عمران	۹	وَيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا اور چاہتے ہین یہہ کہ تعریف کیے جاوین ساتہہ اس چیز کے کہ نہین کی

پارہ	سورۃ	رکوع	
۵	النساء	۷	وَيَقُولُونَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَرَاعِنَا لَيًّا بِأَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّينِ (تا قَلِيلًا) اور کہتے ہین سنا ہم نے اور نہ مانا ہم نے اور سن نہ سنایا جائیو اور راعنا بیچ دیکر زبان اپنی کو اور طعن کرکے بیچ دین کے ؛
〃	〃	〃	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُزَكُّونَ أَنْفُسَهُمْ (تا مُبِينًا) کیا نہ دیکھا تونے طرف ان لوگون کی کہ پاک کہتے ہین جانون اپنی کو ؛
〃	〃	۸	وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا هَؤُلَاءِ أَهْدَى مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا سَبِيلًا (ف خوشامد بیجا کرنا) اور کہتے ہین واسطے ان لوگون کے کہ کافر ہوئے یہہ لوگ بہت بہوپنچے ہوئے ہین راہ ان لوگون سے کہ ایمان لائے راہ کر ؛
〃	〃	۱۶	وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِينَ خَصِيمًا اور مت ہو خیانت کرنیوالون کی طرف سے جھگڑنے والا ؛
〃	〃	〃	وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنْفُسَهُمْ اور مت جھگڑ تو لوگون کیطرف سے کہ خیانت کرتے ہین جانون اپنی کو ؛
〃	〃	〃	وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرْضَى مِنَ الْقَوْلِ اور وہ ساتھ انکے ہے جس وقت مصلحت کرتے ہین وہ چیز کہ نہین پسند کرتا بات سے ؛
〃	〃	〃	هَا أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُجَادِلُ اللَّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمْ مَنْ يَكُونُ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ہان تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے گئے تم نے ان کی طرف سے بیچ زندگانی دنیا کے پس کون جھگڑے گا اللہ سے ان کیطرف سے دن قیامت کی یا کون شخص ہوگا اوپر ان کے کارساز
〃	〃	〃	ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا پھر تہمت لگادے ساتھ اسکے بے گناہ کو پس تحقیق اٹھالیا اسنے بہتان اور گناہ ظاہر ؛
〃	〃	۱۷	لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِنْ نَجْوَاهُمْ (تا عَظِيمًا) نہین ہے بھلائی بیچ بہت مصلحتون انکی کے ؛
۶	〃	۲۱	لَا يُحِبُّ اللَّهُ الْجَهْرَ بِالسُّوءِ مِنَ الْقَوْلِ إِلَّا مَنْ ظُلِمَ وَكَانَ اللَّهُ سَمِيعًا عَلِيمًا نہین دوست رکھتا اللہ پکار کر کہنا بری بات کو مگر جو کوئی ظلم کیا جاوے اور ہے اللہ سننے والا ؛
۶	المائدہ	۷	يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ (تا آخر رکوع تاکید حکم کرون بموجب کتاب اللہ در پنج آیات) حکم کرتے تھے ساتھ اس کے پیغمبر ؛
〃	〃	۱۲	لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَكِنْ يُؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُمُ الْأَيْمَانَ (تا آخر) نہین پکڑیگا تم کو اللہ ساتھ بے قصد کے بیچ قسمون تمہاری کے اور لیکن پکڑتا ہی تم کو ساتھ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اس چیز کے گرہ باندہی تمنے قسمون کی ÷
٧	المائدۃ	١٢	وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ (یعنے قسم کی حفاظت کرو یا قسم کہانے کی عادت مت کرو) اور حفاظت کیا کرو قسمون اپنی کی ÷
"	"	١٤	لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ (تا آخر) مت پوچہا کرو ان چیزون سے کہ اگر ظاہر کیجاوین واسطے تمہارے ناخوش لگین تم کو ÷
"	"	١٦	قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ کہیگا پاکی ہے تجہکو نہین ہے واسطے میرے یہہ کہ کہون مین وہ چیز کہ نہین واسطے میرے حق ÷
"	"	"	اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ط (ف زبان کو بہت روکنا چاہیئے اللہ سب کچہہ جانتا ہے) اگر مینے کہا ہوگا یہہ ان کو پس تحقیق تو جانتا ہوگا ÷
"	"	"	مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖ (ف مفتی کو چاہیئے کہ مسئلہ وہی کہے جو اللہ اور رسول نے امر فرمایا ہے) نہین کہا مینے واسطے انکے مگر جو کچہہ کہ حکم کیا تہا تونے مجہکو ساتہ اُس کے ÷
"	الانعام	١٣	وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ط اور مت برا کہو ان لوگون کو کہ پکارتے ہین سواے خدا کی پس برا کہنے لگین گے خدا کو زیادتی سے بے سمجہے ÷
٨	"	١٩	وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ج اور جب بات کہو انصاف کرو اور اگرچہ ہو صاحب قرابت
٩	الاعراف	٢٤	وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ اور جب پڑہا جاوے قرآن پس سنو اسکو اور چپکے رہو تو کہ تم رحم کئے جاؤ ÷
"	"	"	وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ اور یاد کر پروردگار اپنے کو بیچ جی اپنے کے عاجزی سے اور ڈر سے اور کم آواز سے بات سے ÷
١٠	الانفال	٦	وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط اور مت جہگڑو آپس مین پس سست ہو جاؤ گے اور جاتی رہے گی ہوا تمہاری اور صبر کرو ÷
"	التوبۃ	١٠	فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ (ف حتی المقدور وعدہ نہ کرے مبادا خلاف وعدہ ہو کر اسکا وبال پڑے) پس اثر دیا انکو نفاق بیچ دلون ان کے کے اُس دن تک کہ ملاقات کرین گے اس سے بہ سبب اسکے کہ خلاف کیا تہا اللہ سے جو وعدہ کیا تہا اس سے اور بہ سبب اس کے کہ تہے جہوٹ بولتے۔
"	"	"	اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ کیا نہین جانتے یہ کہ

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			اللہ جانتا ہے بہید انکا اور مصلحت انکی اور یہہ کہ اللہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزون کا ؛
۱۴	النحل	۸	وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَىٰ ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ ۝ اور مقرر کرتے ہین واسطے اللہ کے جو کچہہ کہ ناخوش رکہتے ہین اور بیان کرتے ہین زبانی انکی جہوٹ یہہ کہ واسطے ان کے ہے اچھی چیز نہین شک یہہ کہ واسطے انکے ہے آگ ؛
″	″	۱۵	وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَٰذَا حَلَالٌ وَهَٰذَا حَرَامٌ (تا آخر فتوی بے تحقیق بلغ ہرگز نہ دہی) اور مت کہو واسطے اس چیز کے کہ بیان کرتے ہین زبانین تمہاری جہوٹ یہہ حلال ہے اور یہہ حرام ہے ؛
″	″	۱۶	ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ بلا طرف راہ پروردگار اپنے کی ساتہہ حکمت کے اور نصیحت نیک کے ؛
″	″	″	وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (تا سہ آیات موید این مضمون) اور جہگڑا کر انسے ساتہہ اس چیز کے کہ وہ بہت بہتر ہے تحقیق رب تیرا وہی ہے بہت جاننے والا ہے ساتہہ اس شخص کے کہ گمراہ ہوگیا راہ اس کی سے اور وہی خوب جانتا ہے راہ پانے والون کو ؛
۱۵	بنی اسرائیل	۱	وَيَدْعُ الْإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ ۖ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا ۝ اور دعا مانگتا ہے آدمی ساتہہ برائی کے مانند دعا کرنے اس کے کی ساتہہ بہلائی کے اور ہے آدمی جلد کار ؛
″	″	۳	فَلَا تَقُل لَّهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُل لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا پس مت کہو ان کو اف اور مت ڈانٹ ان کو اور کہہ واسطے ان دونون کے بات تعظیم کی ؛
″	″	۶	وَقُل لِّعِبَادِي يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنسَانِ عَدُوًّا مُّبِينًا ۝ اور کہہ واسطے بندون میرے کے کہین وہ بات کہ وہ بہت اچھی ہے تحقیق شیطان وسوسہ ڈالتا ہے درمیان ان کے تحقیق شیطان ہے واسطے آدمی کے دشمن ظاہر ؛
″	الکہف	۴	وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ (تا آخر) اور ہرگز مت کہو کسی چیز کو کہ البتہ کرنیوالا ہون یہہ کل کو مگر یہہ کہ چاہے اللہ ؛
″	″	۸	وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ۝ اور ہے آدمی زیادہ سب چیز سے جہگڑنے مین ؛
″	″	″	وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا هُزُوًا ۝ اور جہگڑا کرتے ہین وہ لوگ جو کافر ہوئے ساتہہ باطل کے تو کہ بچلادیوین ساتہہ اسکے حق کو اور پکڑا انہون نے

پارہ	سورۃ	رکوع	عبارت
			نشانیوں میری کو اور اس چیز کو کہ ڈرائے گئے تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا ÷
۱۶	مریم	۶	فَاِنَّمَا یَسَّرْنٰہُ بِلِسَانِکَ لِتُبَشِّرَ بِہِ الْمُتَّقِیْنَ وَتُنْذِرَ بِہٖ قَوْمًا لُّدًّا پس سوائے اسکے نہیں کہ آسان کیا ہم نے اس قرآن کو ساتھ زبان تیری کے تو بشارت دے ساتھ اسکے پرہیزگاروں کو اور ڈراوے ساتھ اسکے قوم جھگڑے والوں کو ÷
"	طٰہٰ	۲	فَقُوْلَا لَہٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّہٗ یَتَذَکَّرُ اَوْ یَخْشٰی پس کہو اس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے
۱۷	الحج	۱	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰہِ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَّیَتَّبِعُ کُلَّ شَیْطٰنٍ مَّرِیْدٍ کُتِبَ عَلَیْہِ اَنَّہٗ مَنْ تَوَلَّاہُ فَاَنَّہٗ یُضِلُّہٗ وَیَہْدِیْہِ اِلٰی عَذَابِ السَّعِیْرِ اور بعضے لوگ وہ شخص ہیں کہ جھگڑتے ہیں بیچ توحید خدا کے بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہیں ہر شیطان سرکش کی لکھا گیا ہے اوپر اس کے بیچ کہ جس کی دوستی کرے وہ یعنے شیطان پس تحقیق وہ گمراہ کرتا ہے اس کو اور راہ دکھاتا ہے طرف عذاب دوزخ کی ÷
۱۸	المؤمنون	۱	وَالَّذِیْنَ ہُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ اور وہ جو بے فائدہ بات سے منہ پھیرنے والے ہیں ÷
"	النور	۱	وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَۃِ شُہَدَآءَ فَاجْلِدُوْہُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَۃً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَہُمْ شَہَادَۃً اَبَدًا اور جو لوگ کہ تہمت لگاتے ہیں پاک دامنوں کو پھر نہیں لاتے چار شاہد پس مارو ان کو اسی کوڑے اور مت قبول کرو ان کی شہادت کبھی ÷
"	"	"	وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَہُمْ (پنج آیات تا حکیم بیان ثمرہ تحریک لسان) اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں جورؤں اپنیوں کو ÷
"	"	۲	اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْا بِالْاِفْکِ (دہ آیات تا رحیم بیان قصہ افک و عذاب و بال آن) تحقیق جو لوگ کہ لائے ہیں طوفان ÷
"	"	۳	یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ (تا علیم تائید این مضمون) اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پیروی کرو قدموں شیطان کی ÷
